نیوز ریلیز

کارڈ کے سائز کا کووِڈ-19 حفاظتی ٹیکوں کا نیا ریکارڈ

14 ستمبر، 2021ء

البرٹنز جلد ہی اپنے حفاظتی ٹیکوں کا ثبوت مائی ہیلتھ ریکارڈز کے ذریعے باسہولت کارڈ کے سائز کا نیا پرنٹ آؤٹ حاصل کر سکتے ہیں۔

16 ستمبر سے، البرٹنز اپنے کارڈ کے سائز کے کووِڈ-19 حفاظتی ٹیکوں کے ثبوت کی نقل پرنٹ کر سکیں گے یا اسے اپنے فون یا ٹیبلٹ پر دکھا سکیں گے۔

حفاظتی ٹیکوں کے ثبوت کو کیو آر کوڈ کے ذریعے دستیاب کرنے کیلئے بھی کام جاری ہے۔ ضرورت کے وقت حفاظتی ٹیکوں کا ریکارڈ شیئر کرنے کیلئے کیو آر کوڈ ایک آسان، تیز اور زیادہ محفوظ طریقہ ہوگا۔ کیو آر کوڈ آنے والے ہفتوں میں دستیاب ہونے کی توقع ہے۔

یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ البرٹنز آگے کی منصوبہ بندی کریں اور اپنے فونوں پر ویکسینیشن کارڈ کا ثبوت محفوظ کریں یا ضرورت پڑنے کی تاریخ سے پہلے اسے پرنٹ کریں۔ مائی ہیلتھ ریکارڈز کو بڑے ایونٹس اور طویل اختتامی ہفتوں سے پہلے زیادہ بھیڑ بھاڑ کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

البرٹنز جنہیں مدد کی ضرورت ہے وہ بروز سوموار سے بروز جمعہ، صبح 7 بجے سے شام 7 بجے تک مائی ہیلتھ ریکارڈز سپورٹ لائن سے 1-844-401-4016 پر، اور اختتام ہفتہ پر صبح 9 بجے سے شام 5 تک رابطہ کر سکتے ہیں۔ alberta.ca ویکسینیشن کے ثبوت کے اکثر پوچھے جانے والے سوالات اور امیونائزیشن کا ریکارڈ حاصل کرنے کے بارے میں عام سوالات کے جوابات دیتی ہے۔

البرٹا کی حکومت خط منحنی کو موڑنے، چھوٹے کاروباروں کو برقرار رکھنے اور البرٹا کی صحت کی نگہداشت کے نظام کی حفاظت کیلئے درست اقدامات کے ذریعے زندگیوں اور ذرائع معاش کا تحفظ کرتے ہوئے کووِڈ-19 وبائی مرض کا جواب دے رہی ہے۔

فوری حقائق

- مائی ہیلتھ ریکارڈ انٹرنیٹ براؤزر کے ذریعے یا فون یا ٹیبلیٹ پر ایک ایپ ڈاؤن لوڈ کرکے آن لائن قابل رسائی ہے۔
- البرٹنز جو مائی ہیلتھ ریکارڈز تک رسائی حاصل کرنے کے خواہاں ہیں ان کے پاس پہلے لازماً مائی البرٹا ڈیجیٹل آئی ڈی کا ہونا ضروری ہے۔ البرٹا ڈرائیورز لائسنس یا شناختی کارڈ استعمال کرکے account.alberta.ca پر ایک مائی البرٹا ڈیجیٹل آئی ڈی اکاؤنٹ تیار کیا جا سکتا ہے۔
- البرٹنز کو alberta.ca/mhr پر مائی ہیلتھ ریکارڈز اکاؤنٹ تیار کرنے کیلئے اپنا ذاتی ہیلتھ کیئر نمبر لازمی طور پر استعمال کرنا ہوگا۔
- کووِڈ-19 کے حفاظتی ٹیکوں کا ریکارڈ دسمبر 2020ء سے 14 سال اور اس سے زائد عمر کے البرٹنز کیلئے دستیاب ہے۔
- پچھلے تین ہفتوں میں 110,000 سے زائد البرٹنز نے اپنا مائی ہیلتھ ریکارڈز اکاؤنٹ بنایا ہے، جس سے استعمال کرنے والوں کی کل تعداد تقریباً 910,000 تک پہنچ گئی ہے۔
- جب کووِڈ-19 کے حفاظتی ٹیکے لگائے جاتے ہیں اس وقت تمام البرٹنز کو ان کا کاغذی ریکارڈ ملنا چاہئے۔
- آن لائن ویکسینیشن کے ثبوت تک رسائی حاصل کرنے کے علاوہ، جو البرٹنز ویکسینیشن کے ثبوت کے متلاشی ہیں وہ مندرجہ ذیل کر سکتے ہیں:
  - فارمیسی یا معالج کے دفتر سے رابطہ کریں جہاں انہیں ویکسین لگی تھی یا 811 پر کال کریں۔
  - اس میں 14 سال سے کم عمر بچوں کیلئے حفاظتی ٹیکوں کے ثبوت حاصل کرنا شامل ہے، جو مائی ہیلتھ ریکارڈز کے ذریعے اپنے ریکارڈ حاصل نہیں کر سکتے۔

- البرٹنز مائی ہیلتھ ریکارڈز سپورٹ لائن سے 1-844-401-4016 پر رابطہ کر سکتے یا myhealthrecords@gov.ab.ca پر ای میل کر سکتے ہیں۔
- مائی البرٹا ڈیجیٹل آئی ڈی کے ساتھ مدد کیلئے، البرٹنز سپورٹ لائن سے 1-844-643-2789 پر رابطہ کر سکتے یا myalbertaid@gov.ab.ca پر ای میل کر سکتے ہیں۔

Alberta

COVID-19 Immunization Record

First Name: Jane
Last Name: Alberta
Birthdate: March 15, 1990
Gender: Female

The information in this report is provided as of September 07, 2021 06:29 PM.

Date Administered	Vaccine Name	Description	Source
July 15, 2021	COVID-19 BNT162b2 - mRNA	Pfizer/BioNTech	Government of Alberta - Provincial Immunization Repository
May 01, 2021	COVID-19 BNT162b2 - mRNA	Pfizer/BioNTech	Government of Alberta - Provincial Immunization Repository

MyHealth Records is a service from Alberta Health

All information contained in this report is privileged and confidential information intended for use by authorized individuals only.

Page 1 of 1

حفاظتی ٹیکوں کے پرنٹ کئے جانے والے کارڈ کا نیا ثبوت۔



مائی ہیلتھ ریکارڈز کو استعمال کرنے والوں کی بڑھتی ہوئی تعداد۔

متعلقہ معلومات

- کووِڈ-19 کی ویکسینز اور ریکارڈز
- حفاظتی ٹیکوں کے ثبوت کے بارے میں اکثر پوچھے گئے سوالات
- اپنا کووِڈ-19 امیونائزیشن ریکارڈ حاصل کرنا: مائی ہیلتھ ریکارڈز معلومات کی شِیٹ (پی ڈی ایف)
- مائی ہیلتھ ریکارڈز

ملٹی میڈیا

- ویڈیو پلے لِسٹ
- پوسٹر (پی ڈی ایف)

میڈیا انکوائریز

اسٹیو بیوئیک (Steve Buick)

780-288-1735

سینئر پریس سیکریٹری، ہیلتھ

مزید ترجمہ شدہ حکومتی وسائل کیلئے، براہِ کرم ملاحظہ کریں: *https://www.alberta.ca/covid-19-translated-resources.aspx.*